CHERAT CEMENT

# CHERAT CEMENT COMPANY LIMITED

MODERN MOTORS HOUSE, BEAUMONT ROAD, KARACHI-75530, PAKISTAN.
UAN : (9221) 111-000-009
TEL : (9221) 35683566-35683567-35688348-35689538
FAX : (9221) 35683425
E-MAIL : cherat@gfg.com.pk
WEB : www.gfg.com.pk

Ghulam Faruque Group

October 2, 2023

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Off: I.I. Chundrigar Road
Karachi

Dear Sir,

**NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING**

Enclosed pleased find copies of the notice of our Annual General Meeting to be held on October 25, 2023 which will be published in daily Business Recorder (English) and Nawa-e-Waqt (Urdu) newspapers dated October 3, 2023 for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours sincerely,
For **Cherat Cement Co. Ltd.**

Hina Mir

**Hina Mir**
**Company Secretary**

Encl: As stated above

CHERAT CEMENT

# CHERAT CEMENT COMPANY LTD.

Head Office: Modern Motors House,
Beaumont Road, Karachi. UAN: 111-000-009

GHULAM FARUQUE GROUP

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 42nd Annual General Meeting of Cherat Cement Company Limited will be held on Wednesday, October 25, 2023 at 11:00 a.m. at the Registered Office of the Company at Factory premised, Village Lakrai, Nowshera, Khyber Pakhtunkhwa, to transact the following businesses:

**ORDINARY BUSINESS**

1. To confirm the minutes of the Annual General Meeting held on October 12, 2022.
2. To receive and consider the Audited Accounts of the Company for the year ended June 30, 2023 with the Directors' and the Auditors' Reports thereon.
3. To consider and approve the payment of final cash dividend @30% (Rs.3.00/- per share). This is in addition to an interim cash divided @15% (Rs.1.50 per share) already paid to the shareholders for the financial year ended June 30, 2023 as recommended by the Board of Directors.
4. To appoint Auditors for the year 2023/24 and to fix their remuneration.
5. To transact any other business with the permission of the chair.

**SPECIAL BUSINESS**

6. To consider and approve the following resolution as Special Resolution:

a) "RESOLVED that the transactions carried out in the normal course of business with related parties and associated companies as disclosed in Note 28 & 40 of the Financial Statements during the year ended June 30, 2023, be and are hereby ratified and approved."

b) "FURTHER RESOLVED that the Board of Directors of the Company be and is hereby authorized to approve all transactions to be carried out in the normal course of business with related parties and associated companies during the ensuing year ending June 30, 2024."

7. To consider dissemination of annual audited financial statements to the shareholders through QR enabled code and Weblink instead of transmitting the same in the form of CD/DVD/USB and approve the following resolution.

a) "RESOLVED that circulation / dissemination of annual audited financial statements together with the reports and documents required to be annexed thereto under the Companies Act, 2017, to the shareholders through QR enabled code and Weblink as notified by the Securities & Exchange Commission of Pakistan vide its S.R.O.389(I)/2023 dated March 21, 2023 be and is hereby approved while considering technological advancements and old technology becoming obsolete, the circulation of annual financial statements through CD/DVD/USB be discontinued."

The statements under section 134 of the Companies Act, 2017, pertaining to the above-mentioned Special Business are being sent to the members with the notice.

By Order of the Board of Directors
**Hina Mir**
Company Secretary

Karachi: October 3, 2023

**Notes:**

1. The register of members of the Company will be closed from Wednesday, October 18, 2023 to Wednesday, October 25, 2023 (both days inclusive) and no transfers will be registered during that time. Shares received in order at the Office of the Share Registrar of the Company, M/s. CDC Share Registrar Services Limited (CDCSRSL), CDC House, 99-B, Block 'B', S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400 at the close of business on Tuesday, October 17, 2023 will be treated in time for the above entitlement.
2. A member of the Company eligible to attend, speak and vote at the Annual General Meeting may appoint another member as his/her proxy to attend, speak and vote in his/her stead. Proxies to be effective must be in writing and must be received by at the Company's Head Office 48 hours before the meeting.
3. The AGM proceedings will also be held via video through ZOOM application (a video link conferencing facility). Shareholders interested to participate in the meeting are requested to email required information with subject "Registration for Cherat Cement Company Limited AGM" along with a valid copy of both sides of Computerized National Identity Card (CNIC) at cdcsr@cdcsrsl.com. Shareholders are advised to mention their full details in the following manner:

| Full Name of Shareholder / Proxy Holder | Company | CNIC Number | Folio / CDC A/c No. | Email ID | Mobile Phone No. |
|---|---|---|---|---|---|
| | Cherat Cement Co. Ltd. | | | | |

4. Video link details and login credentials will be sent to members at their provided email addresses enabling them to attend the meeting on the given date and time.
5. Members will be able to login and participate in the AGM proceedings through their devices after completing all the formalities required for the identification and verification of the shareholders. Video link and login credentials will be shared with only those members whose emails, containing all the required particulars, are received at least 48 hours before the time of AGM.
6. Members of the Company whose shares are registered in their account/sub-account with Central Depository System (CDS) are requested to bring original Computerized National Identity Card along with their account number in CDS and participant's ID number for verification.
7. Members of physical shares are requested to notify any change in their addresses to the Company's Share Registrar. Whereas, shareholders of CDC Accounts are requested to immediately notify any change in their addresses to their respective CDC Participant / Broker / CDC Investor Account Services.
8. According to Section 119 of the Companies Act, 2017, and Regulation 19 of the Companies (General Provisions and Forms) Regulations, 2018, all physical shareholders are advised to provide their mandatory information such as CNIC number, address, email address, contact mobile / telephone numbers, occupation, etc. to CDC Share Registrar Services Limited immediately to avoid any non-compliance of law or any inconvenience in future.
9. Shareholders who have not yet submitted photocopy of their valid Computerized National Identity Card (CNIC) are requested to send the same to the Share Registrar of the Company.
10. As per Section 72 of the Companies Act, 2017 every existing listed company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the SECP. Shareholders having physical shareholding are accordingly required to open their account with investors account services of CDC or sub account with any of the brokers and convert their physical shares in book entry form. This will facilitate the shareholder in many ways, including safe custody and sale of shares, any time they want, as the trading of physical shares is not permitted as per existing regulations of the Pakistan Stock Exchange Limited.
11. Shareholders are hereby reminded that Section 242 of the Companies Act, 2017 provides that in case of a listed company, any cash dividend declared by the company must be paid electronically directly into the bank accounts of the shareholders. In order to receive dividends directly into their bank account, shareholders are requested to fill in E-Dividend Mandate Form available on the Company's website i.e. www.gfg.com.pk and send it duly signed along with a copy of CNIC to the Registrar of the Company M/s. CDC Share Registrar Services Limited in case of physical shares. In case shares are held in CDC, then E-Dividend Mandate Form must be submitted directly to shareholder's broker/participant/CDC investor account services. In case of non-submission of IBAN, the Company will withhold the payment of dividends under the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017. Further, the information regarding gross dividend, tax/zakat deduction and net amount of dividend will be provided through the Centralized Cash Dividend Register (CCDR), therefore, shareholders should register themselves to CDC's eServices Portal at https://eservices.cdcaccess.com.pk.
12. In compliance of Section 244 of the Companies Act 2017, once the Company has completed stipulated formalities, any unclaimed dividend and /or shares that have remained outstanding for a period of three years from the date of becoming due and payable or more shall be credited to the Federal Government (in case of dividend) or delivered to the SECP (in case of physical shares). Shareholders who by any reason could not collect their remaining unclaimed dividend/shares are advised to contact the Share Registrar of the Company to collect/inquire about their unclaimed dividend or shares, if any.
13. Shareholders have the option to receive Annual Audited Financial Statements and Notice of General Meeting through email. Shareholders of the Company are requested to give their consent to the Company's Share Registrar to update its record if they wish to receive Annual Audited Financial Statements and Notice of General Meeting through email. However, if shareholders, in addition, request for hard copy of Audited Financial Statements, the same shall be provided free of cost within seven (7) days of receipt of such written request.
14. Members can also avail video conference facility. In this regard, please fill the following and submit to the Head Office of the Company seven (7) days before the Annual General Meeting. If the Company receives consent from members, holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least seven (7) days prior to the date of the meeting, the Company will arrange video conference facility in the city subject to availability of such facility in that city.

    "I/We, __________________ of ________________, being a member of Cherat Cement Company Limited, holder of _____________ ordinary share(s) as per Registered Folio No._______ hereby opt for video conference facility at ____________".

15. Members may exercise their right to vote by means of postal ballot i.e. by post or through electronic mode subject to the requirements of section 143 and 144 of the Companies Act, 2017. Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, for the purposes of Special Business members will be allowed to exercise their right to vote through postal ballot/electronic mode in accordance with the requirement and procedures contained in the aforesaid Regulations. The schedule and procedure of postal ballot/electronic voting shall be placed on the Company's website i.e. www.gfg.com.pk seven (7) days before the meeting.
16. All shareholders are advised to check their status on Active Taxpayers List (ATL) available on FBR website and, if required, take necessary actions for inclusion of their name in the ATL. In case a person's name does not appear in the ATL the applicable tax rate will be increased by hundred percent.
17. In case of joint account, please intimate proportion of shareholding of each account holder along with their individual status on the ATL.
18. Withholding tax exemption from the dividend income shall only be allowed if copy of valid tax exemption certificate is made available to CDC Share Registrar Services Limited by the first day of Book Closure.
19. To claim exemption from compulsory deduction of Zakat, shareholders are requested to submit Zakat Declaration (Form CZ-50) or its attested photocopy to CDC Share Registrar Services Limited, in order to avoid deduction of Zakat on all future dividends, at the earliest.

46cm x 4col.

CHERAT CEMENT

GHULAM FARUQUE GROUP

# چراٹ سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: ماڈرن موٹرز ہاؤس، بیوماؤنٹ روڈ کراچی یواے این: 009-000-111

## اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ چراٹ سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ کا سالانہ اجلاس عام بدھ 25 اکتوبر 2023 کو صبح 11:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع احاطہ فیکٹری، ولیج لکڑائی، نوشہرہ، خیبر پختونخواں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**عمومی امور**

1- سالانہ اجلاس عام مورخہ 12 اکتوبر 2022 کی روئیداد کی توثیق۔

2- کمپنی کے مالیاتی گوشوارے برائے مختتمہ سال 30 جون 2023 کے ساتھ ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹ کی وصولی اور غور وخوص۔

3- حتمی نقد منافع منقسمہ بحساب 30 فیصد (3.00 روپے فی حصص) پر غور اور ادائیگی کی منظوری۔ یہ عبوری نقد منافع منقسمہ 15 فیصد (1.50 روپے فی حصص) کے علاوہ ہے جو کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر مالیاتی سال مختتمہ 30 جون 2023 کے دوران ادا کیا گیا تھا۔

4- سال 2023/24 کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین۔

5- صدر مجلس کی اجازت سے دیگر کسی امور کی انجام دہی۔

**خصوصی امور**

6- مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد پر غور اور منظوری

a) ''ختم شدہ سال 30 جون 2023 کے دوران متعلقہ فریقین اور کمپنیوں کے ساتھ لین دین عمومی طریقہ کار کے مطابق انجام پائے جنہیں مالیاتی گوشواروں کے نوٹ نمبر 28 اور 40 میں منکشف کیا گیا ہے، متفقہ طور پر ان کی توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔''

b) ''مزید برآں کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو سال 30 جون 2024 کے دوران متعلقہ فریقین اور کمپنیوں کے ساتھ عمومی طریقہ کار کے مطابق انجام پائے جانے والے تمام لین دین کی منظوری کے لئے متفقہ طور پر مجاز بنایا جاتا ہے۔''

7- CD/DVD/US کے ذریعے ترسیل کے بجائے حصص یافتگان کو QR سے چلنے والے کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے تقسیم کرنے پر غور اور منظوری کے لئے درج ذیل قرارداد:

a) ''سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے S.R.O.389 (I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت حصص یافتگان کو سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ منسلک رپورٹوں اور دستاویزات کی ترسیل کی متفقہ طور پر منظوری دی جاتی ہے جبکہ ٹیکنالوجی میں ترقی اور پرانی ٹیکنالوجی کے متروک ہونے سے سالانہ گوشواروں کی بذریعہ CD/DVD/USB ترسیل کو منقطع کیا جاتا ہے''

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134 کے تحت مذکورہ بالا خصوصی امور سے متعلق بیانات نوٹس کے ساتھ شیئر ہولڈرز کو ارسال کی جارہی ہیں۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز

حنا میر

کمپنی سیکریٹری

کراچی مورخہ: 3 اکتوبر 2023

**نوٹس:**

1- کمپنی کے ممبران کا رجسٹر بدھ 18 اکتوبر 2023 تا بدھ 25 اکتوبر 2023 (بشمول دونوں دن) بند رہے گا اور اس دوران کوئی منتقلی نہیں ہوگی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (CDCSRSL)، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل کراچی-74400 کو منگل 17 اکتوبر 2023 تک دفتری اوقات ختم ہونے سے پہلے موصول ہونے والے حصص کو مندرجہ بالا استحقاق کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2- کمپنی کا ایک ممبر جو سالانہ اجلاس عام میں حاضر ہونے، بولنے اور ووٹ دینے کا اہل ہو وہ اپنی طرف سے کسی دیگر ممبر کو بطور پراکسی مقرر کرسکتا ہے جسے اس کی جانب سے حاضر ہونے، بولنے اور ووٹ دینے کے حق حاصل ہونگے۔ پراکسی کی تقرری لازمی طور پر تحریری ہونی چاہئے اور لازمی طور پر اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہونی چاہئے۔

3- AGM کی کارروائی بذریعہ ZOOM ایپلی کیشن (وڈیو کانفرنس کرنے کی ایک سہولت) کے ذریعے انجام دی جائے گی۔ جو حصص یافتگان اجلاس میں شرکت کرنے کے خواہشمند ہوں ان سے درخواست ہے کہ وہ ''چیراٹ سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ AGM کے لئے رجسٹریشن'' کے عنوان کے تحت درکار معلومات بمع درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی دونوں طرف کی نقل cdcsr@cdcsrsl.com پر ای میل کردیں۔ حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ درج ذیل انداز میں اپنی مکمل تفصیلات فراہم کردیں:

| حصص یافتہ/ پراکسی کا پورا نام | کمپنی | CNIC نمبر | فولیو/CDC نمبر | ای میل آئی ڈی | موبائل فون نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | چیراٹ سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ | | | | |

4- وڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ۔ ان کے کوائف ممبران کو ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر بھیج دیئے جائیں گے تاکہ وہ اجلاس میں مقررہ تاریخ اور وقت پر شرکت کرسکیں۔

5- حصص یافتگان کی شناخت اور تصدیق کے لئے درکار ضابطوں کی تکمیل کے بعد ممبران اپنے آلات کے ذریعے AGM کی کارروائی میں شرکت کرسکیں گے۔ وڈیو لنک اور لاگ۔ ان کی تفصیلات صرف ان ممبران کو فراہم کی جائیں گی جن کے ضروری کوائف بذریعہ ای میل AGM سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہوجائیں۔

6- ممبران جن کے حصص سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) میں رجسٹر ہیں ان سے درخواست ہے کہ اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ بمع CDS میں اپنا اکاؤنٹ نمبر اور شرکاء کا ID نمبر برائے شناخت ساتھ لائیں۔

7- وہ ممبران جن کے فزیکل حصص ہیں ان سے درخواست ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے پتوں میں تبدیلی سے مطلع کردیں۔ جبکہ جن حصص یافتگان کے CDC اکاؤنٹس ہیں، ان سے درخواست ہے کہ فوری طور پر اپنے پتے میں تبدیلی سے اپنے CDC شرکاء/ بروکر/ CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کردیں۔

8- کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن 19 کے تحت تمام فزیکل حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ لازمی طور پر اپنا CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، رابطہ موبائل/ٹیلیفون نمبر، پیشہ وغیرہ CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فوری فراہم کردیں تاکہ مستقبل میں کسی قانونی کی خلاف ورزی سے بچا جاسکے نہ ہی کوئی تکلیف اٹھانی پڑے۔

9- وہ حصص یافتگان جنہوں نے اپنے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی ابھی تک فراہم نہیں کی ان سے درخواست ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیں۔

10- کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل حصص کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کرنا ضروری ہے جس کا طریقہ کار اور وضاحت SECP نے اپنے نوٹیفکیشن میں کی ہے۔ حصص یافتگان جو کہ فزیکل حصص رکھتے ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ CDC سروسز کے سرمایہ کار اکاؤنٹ یا کسی بروکر کے ساتھ ذیلی اکاؤنٹ کھولیں اور اپنے فزیکل حصص کو بک انٹری کی شکل میں تبدیل کروالیں۔ اس سے حصص یافتہ کو کئی انداز سے سہولت ملے گی بشمول شیئرز محفوظ تحویل میں رہیں گے اور شیئرز کو کسی بھی وقت فروخت کیا جاسکتا ہے کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ ریگولیشنز کے تحت فزیکل حصص کی خرید وفروخت کی اجازت نہیں ہے۔

11- حصص یافتگان کو یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت لسٹڈ کمپنی کی صورت میں کوئی بھی نقد منافع منقسمہ جس کو ادا کرنے کا اعلان کمپنی نے کیا ہو، اسے لازمی طور پر براہ راست برقی طریقے سے حصص یافتگان کے بینک اکاؤنٹس میں منتقل کیا جائے گا، لہذا جن حصص یافتگان کے پاس فزیکل حصص ہیں ان سے درخواست ہے کہ اپنا ای ڈویڈنڈ مینڈیٹ فارم جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.gfg.com.pk پر دستیاب ہے، اسے بھریں اور اس پر دستخط کرکے اپنی CNIC کی نقل کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرار CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو بھیج دیں۔ IBAN فراہم نہ کرنے کی صورت میں کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے تحت کمپنی منافع منقسمہ کی ادائیگی روک دے گی۔ مزید برآں منافع منقسمہ کی خام رقم، ٹیکس/ زکوٰۃ کٹوتی اور منافع منقسمہ کی خالص رقم سے متعلق معلومات سینٹرلائزڈ کیش ڈویڈنڈ رجسٹر (CCDR) کے ذریعے فراہم کی جائیں گی، لہذا حصص یافتگان کو چاہئے کہ اپنے آپ کو CDC کے پورٹل https://eservices.cdcaccess.com.pk پر رجسٹر کروالیں۔

12- کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 244 پر عمل کرتے ہوئے کمپنی جیسے ہی مشروط ضابطے مکمل کرلے گی تو کوئی غیر دعویٰ شدہ اور/ یا حصص جو کہ اپنے واجب الادا ہونے کی تاریخ سے تین سال یا زیادہ عرصے تک واجب الادا رہا ہو اسے وفاقی حکومت (منافع منقسمہ کی صورت میں) یا SECP (طبعی حصص کی صورت میں) کو منتقل کردیا جائے گا۔ حصص یافتگان جو کہ کسی بھی وجہ سے اپنا بقایا یا غیر دعوی شدہ منافع منقسمہ/ حصص موصول نہ کرسکے ہوں ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع یا حصص کی وصولی/ استفسار کے لئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

13- حصص یافتگان کے پاس اختیار ہے کہ وہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بذریعہ ای میل وصول کریں۔ کمپنی کے حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اس بارے میں اپنی منظوری کو کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنے کے لئے بھیج دیں کہ وہ سالانہ آڈٹ شدہ گوشوارے اور اجلاس عام کے نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنا چاہتے ہیں۔ تاہم اگر حصص یافتگان اس کے علاوہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی کاغذی کاپی حاصل کرنا چاہیں تو ان کی تحریری درخواست کی وصولی پر انہیں (7) دن کے اندر فراہم کردی جائے گی۔

14- ممبران وڈیو کانفرنس کی سہولت سے بھی استفادہ کرسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں برائے مہربانی مندرجہ ذیل کو بھریں اور کمپنی کے ہیڈ آفس کو سات (7) دن کے اند سالانہ اجلاس عام سے پہلے بھیج دیں۔ اگر کمپنی کو ایسے ممبران سے رضامندی حاصل ہو جن کی حصص داری 10 فیصد یا زیادہ ہو اور وہ بعید محل وقوع پر رہائش پذیر ہوں، وہ اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کرنا چاہتے ہوں تو اجلاس سے کم از کم سات (7) دن قبل مطلع کردیں، کمپنی ان کے لئے وڈیو کانفرنس کا اہتمام کرے گی بشرطیکہ یہ سہولت ان کے شہر میں دستیاب ہو۔

''میں /ہم .................... ساکن، .................... چیراٹ سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے ممبر ہونے کے ناتے فولیو نمبر .................... کے تحت .................... عمومی حصص رکھتے ہیں، وڈیو کانفرنس کی سہولت سے .................... استفادہ کرنا چاہتا/ چاہتے ہیں۔

15- ممبران بذریعہ پوسٹل بیلٹ یا بذریعہ ڈاک یا بذریعہ برقی طریقے سے اپنا حق رائے دہی استعمال کرسکتے ہیں بشرطیکہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 143 اور 144 کے تقاضے پورے ہوں کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے تحت خصوصی امور کے مقاصد کے لئے ممبران کو اپنا حق رائے دہی بذریعہ پوسٹل بیلٹ/ برقی طریقہ کار کے مطابق مذکورہ بالا ریگولیشنز میں درج تقاضوں اور ضروریات کے مطابق استعمال کرسکتے ہیں۔ پوسٹل بیلٹ/ برقی ووٹ دینے کا شیڈول اور طریقہ کار کمپنی کی ویب سائٹ www.gfg.com.pk پر اجلاس سے سات (7) دن پہلے ڈال دیا جائے گا۔

16- تمام حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ FBR کی ویب سائٹ پر فعال ٹیکس دہندہ کی فہرست (ATL) میں اپنی نوعیت چیک کرلیں اور اگر ضروری ہو تو ATL میں نام شامل کرنے کے لئے ضروری اقدامات کریں۔ اگر کسی فرد کا نام ATL میں موجود نہ ہوا تو عائد ٹیکس کے نرخ میں 100 فیصد اضافہ ہوجائے گا۔

17- مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں برائے مہربانی ہر کھاتے دار کی حصص داری کے حصہ کے ساتھ ATL میں انفرادی حیثیت سے مطلع کریں۔

18- منافع منقسمہ کی آمدنی سے وتھ ہولڈنگ ٹیکس استثناء کی اجازت صرف اس صورت میں ہوگی جب درست استثنائی سرٹیفکیٹ کی کاپی CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو کتاب بند ہونے کے پہلے دن فراہم کردی جائے۔

19- زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی سے استثناء کے لئے حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ زکوٰۃ ڈیکلریشن (فارم CZ-50) یا اس کی مصدقہ نقل CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو فوری طور پر فراہم کردیں تاکہ تمام مستقبل کے منافع منقسمہ سے زکوٰۃ کی کٹوتی سے بچا جاسکے۔

50cvm x 4col.